ربان نے اسے جواب دیا تھا مگر دماغ ابھی بھی وقاص اور کنول کی سہیلی کے معاملے پر اٹکا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"کیا بہت ضروری ہے فائل کا آفس پہنچنا ؟"

کنول ربان کے ٹائی ہاتھ پر لپیٹتے ہوئے پوچھنے لگی

"ہاں"

ربان کے پسینے چھوٹے گے کنول کے انداز پر

"فائل کے ساتھ آپ کا بھی جانا ضروری ہے؟"

"نہیں
بلکل بھی نہیں
کیوں؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ربان سمبھل کر اپنے اصل بولڈ انداز میں لوٹا اور کنول کی کمر کے گرد بازو حمائل کر کے مزے سے بولا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"تو پھر فائل بھجوادیں ڈرائیور کے ہاتھ اور آپ میرے ساتھ آئیں سامان شفٹ کرنا ہے میرا"

کنول اپنے روم میں چلی گئی تو حیرت زدہ سا ربان بھی گنگناتا ہوا اس کے پیچھے ہو لیا

"یہ کیا ردی اٹھا لائی ہو؟"

وہ دونوں سامان کی شفٹنگ کم اور لڑ زیادہ رہے تھے
مگر اب جب ربان نے اس کے ناولز اور ڈائجسٹوں کو ردی کہا تو گویا انتہا کر دی تھی ربان نے
کنول نے آستینیں چڑھائیں اور سر سے پیر تک ربان کو اچھی طرح گھورا پھر بولی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"خبردار جو آئندہ میرے رسالوں کو ردی کہا
آپ سے زیادہ عزیز ہیں مجھے یہ رسالے
ان کی شان میں گستاخی برداشت نہیں کروں گی میں ہنہہ"

"تم مجھے ردی سے کمپیئر کر رہی ہو؟"

ربان کو اپنی قسمت پر رونا آنے لگا

"پھر ردی ؟
میں جا رہی ہوں واپس اپنے کمرے میں اپنے سامان سمیت"

کنول ربان کے کمرے سے نکلنے لگی تھی جب ربان نے پیچھے سے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچ لیا

https://www.classicurdumaterial.com/

کنول کی پشت ربان سے ٹکرا گئی تھی

Support@classicurdumaterial.com

ایک منٹ کو دونوں ہی جھینپ گئے تھے

پھر ربان پہلے سمبھلا اور بولا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"اچھا رکھ لو یہیں پر اپنی مجھ سے بھی عزیز ردی"

"پھر ردی ؟"

کنول غصے میں اپنا ہاتھ چھڑوانے لگی جب کمرے کا دروازہ کھول کر جان اور وانی کمرے میں چلے آئے

کمرا ساؤنڈ پروف تھا اس لیۓ کنول اور ربان ان کے اسکول سے لوٹنے سے نا واقف تھے

"آ گئے میرے بچے؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کنول نے آگے بڑھ کر جان کا ماتھا چوم لیا تھا اور وانی کو گود میں اٹھا کیا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"ممی آپ ڈیڈی کے روم میں کیوں شفٹ ہو رہی ہیں؟"

جان کے معصومیت سے پوچھنے پر کنول ہونق سے انداز میں مسکرا کر رہ گئی جبکہ ربان نے آگے بڑھ کر جان کا کان پکڑ کر مروڑ ڈالا تھا

"تم میرے بیٹے ہو یا میری سوتن؟"

"سوتن کیا چیز ہے ممی ؟"

کان چھڑوا کر ناراضگی سے ربان کو دیکھتے ہوئے جان نے کنول سے پوچھا

"سوتن"

کنول کوئی الٹا سیدھا جواب دینے والی تھی جب ملازمہ بھی ہڑبڑاتی ہوئی کمرے میں گھس آئی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"سر

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جان اور وانی کی ماما آئی ہیں"

ملازمہ کی بات سن کر سب ہی کچھ دیر کے لیئے حیران رہ گئے تھے

"اب کیوں آئی ہے وہ ؟"

ربان نے دل میں سوچا

"سوتن کا ذکر ہوا اور سوتن حاضر"

کنول نے بھی ناگواری سے سوچا

جان کو اپنی اصل ماں کی صورت بھی یاد نہیں تھی
اور وانی نے تو ہوش بھی نہیں سمبھالا تھا جب ربان کی اپنی فرسٹ وائف سے ڈائیوارس ہوئی
تھی اس لیئے اس کی کوئی فیلنگ نہیں تھی
وہ آرام سے کنول کے جھمکے سے کھیلتی رہی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"اچھا چلو تم میں آتا ہوں"

ربان نے ملازمہ کو سر پر کھڑا دیکھ کر گھرکا
اور پھر کنول کو دیکھا جس کے چہرے پر کوئی ایکسپریشن نہیں تھا

"تم بھی آؤ میرے ساتھ"

ربان نے کہا

"مجھے کوئی شوق نہیں ہے کباب میں ہڈی بننے کا"

اور آخر کار کنول بھی جل ہی گئی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

دل میں خوش ہوتے ہوئے ربان کمرے سے نکل گیا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"ربان اوہ ڈیئر ہاؤ آر یو؟"

عنایہ ربان کی طرف بڑھی اور اس کے گال سے گال مس کیا

ربان بھی جواب میں ہلکا سا مسکرا دیا

ڈائیوارس دونوں کی رضامندی سے ہوئی تھی اس لیئے کوئی ایک قصوروار نہیں تھا
تو دونوں کا جب کبھی ملنا ہوتا تھا اچھے طریقے سے ملتے تھے
ان کے سرکل میں یہ عام بات تھی

"گھر کیسے آنا ہوا؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ دونوں گھر یا کسی پارٹی وغیرہ میں ملتے تھے
عنایہ کا گھر میں آنا اسے حیران کر رہا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"مجھے بچوں کی یاد آرہی تھی"

عنایہ لاڈ سے ربان سے بولی
اور عنایہ کے اس انداز سے ربان کو کسی گڑبڑ کا احساس ہوا

وہ پلٹ کر ابھی لاؤنج میں آنے والی کنول کو دیکھنے لگا

"ہوا زشی؟"

عنایہ ربان اور کنول کا رشتہ سمجھ تو گئی تھی پھر بھی بن کر پوچھنے لگی

"میں آپ کے سابقہ شوہر کی حالیہ بیوی ہوں عنایہ آپا"

https://www.classicurdumaterial.com/

کنول نے ربان کو گھورتے ہوئے عنایہ کو جواب دیا

Support@classicurdumaterial.com

"وٹ آپا؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عنایہ تڑپ گئی

"آپ آپا"

کنول نے اور تڑپایا

"تم تو بچوں کو یاد بھی نہیں ہوں گی عنایہ پھر یہاں آنے کا مطلب ؟"

ربان کنول کی ناگواری محسوس کر کے روڈ سے انداز میں عنایہ سے پوچھنے لگا

"بچوں کو میں یاد نہیں ہوں بٹ مجھے تو تو بچے یاد ہیں نا

کہاں ہیں وہ ؟

جان مائی سن

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وانی ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بچوں کو حق سے پکارتی ہوئی عنایہ کنول کو اتنی بری لگ رہی تھی

کنول پیر پٹختے ہوئے اپنے کمرے میں چلی گئی

اور ربان اسے اپنے کمرے کی جگہ کنول کے ہی سابقہ کمرے میں جاتے ہوئے دیکھ کر

پریشان ہو گیا

آو مائی لے بی کتنا کیوٹ ہو گیا ہے نا یہ ؟"

عنایہ جان کو پیار کرتے ہوئے ربان سے بولی

مگر ربان چپ رہا

وہ دیکھ رہا تھا دونوں بچے بہت ڈسٹرب ہو رہے تھے عنایہ کی مسنوعی ہنسی اور چمیوں اور جھپیوں کی وجہ سے

https://www.classicurdumaterial.com/

"ماما کے ساتھ چلو گے ؟"

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عنایہ کے پوچھنے پر دونوں نے بلاتاخیر نفی میں سر ہلا دیا

عنایہ شرمندہ سی ہو گئی

"جاؤ تم دونوں اپنی ممی کے پاس"

ربان کے کہنے پر جان اور وانی عنایہ کے ہاتھ جھٹک کر بھاگ نکلے تھے

"اس مڈل کلاس لڑکی نے تو ان پر جادو کر دیا ہے"

عنایہ نے کہا

"مجھ پر بھی کر دیا ہے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ربان کے جواب نے عنایہ کو شاک پہنچایا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تب ہی فوراً کچھ نہیں بول پائی

"ویل مجھے تمہیں کچھ بتانا تھا"

گلا کھنکار کر عنایہ بولی

"کیا ؟"

ربان نے ماتھے پر بل لا کر پوچھا

"یہ کہ شہیر اور میری ڈائیوارس ہو گئی ہے"

"اوہ سیڈ

تو ؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"شہیر کے ساتھ رہتے ہوئے مجھے اندازہ ہو گیا مجھے کچھ چیزوں پر تم سے بحث کرنے کی

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جگہ تمہاری بات مان لینی چاہیے تھی

میں بدل گئی ہوں اب

کیا ہم پھر سے ایک ہو سکتے ہیں ؟"

"وٹ ؟"

ربان کو کرنٹ لگا تھا عنایہ کی بات پر

"اتنا حیران کیوں ہو رہے ہو؟
اصل ماں جیسے خیال رکھ سکتی ہے بچے کا کوئی اور نہیں رکھ سکتی
کل کو اس کا اپنا بے بی ہوگا تو وہ جان اور وانی کو گھاس نہیں ڈالے گی"

عنایہ کے پیار سے کہنے پر بھی ربان کے ماتھے کی لکیریں کم نہیں ہوئیں

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"وہ کیا کرے گی
کیا نہیں کرے گی

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ ہمارا فیملی معاملہ ہے
اور یاد رکھو ڈائیوارس سے پہلے تم۔نے خود قانونی تقاضے پورے کیئے تھے
انفیکٹ بڑی خوشی سے پورے کیئے تھے کہ بچوں پر حق نہیں جتاؤ گی
بچوں سے محبت کا ڈرامہ کون کر رہا ہے مجھے اچھی طرح نظر آرہا ہے سب
اسٹوپڈ نہیں ہوں میں
بلکہ بچے بھی فیل کر گئے تمہاری بناوٹی محبت"

ربان کی آواز جب اپنے کمرے کے دروازے سے کان لگا کر کھڑی کنول تک پہنچی تو وہ مطمئین ہو کر گنگناتی ہوئی پیچھے ہو گئی
اور کچھ سننے کی ضرورت ہی نہیں تھی

ربان اپنی کہ کر کنول کے کمرے کی طرف جانے لگا جب عنایہ نے بھاں بھاں کر کے رونا شروع کر دیا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ربان کوفت سے اسے دیکھنے لگا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"آئی ایم سوری
مجھے اندازہ ہو گیا ہے تمہارے اور بچوں کی زندگی میں میری کوئی امپورٹنس نہیں رہیں
جو میں نے کہا اسے بھول جاؤ پلیز"

"بھول تو نہیں سکتا ہاں اگنور کرتا ہوں"

ربان نے ناگواری سے جواب دیا

"ربان ڈیئر ڈونٹ مائنڈ
کیا میں صرف ایک دن کے لیئے یہاں رہ سکتی ہوں ؟
کل صبح ہی چلی جاؤنگی
ایکچلی ڈائیوارس کے بعد میرے پاس رہنے کی کوئی جگہ نہیں
موم ڈیڈ بھی ابروڈ شفٹ ہو گئے ہیں
اس وقت میں بہت ڈسٹرب ہوں
ہوٹل میں اسٹے نہیں کرنا چاہتی
صرف ایک دن
اپنے بچوں کے ساتھ گزار لوں ؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ربان کچھ ٹائم تک چپ رہا پھر بولا

"ڈائیوارس کب ہوئی تھی ؟"

"آج ہی
کچھ دیر پہلے"

"یعنی اس نے عدت بھی پوری نہیں کی طلاق کی"

ربان نے افسوس سے سوچا پھر اجازت دے دی

"اوکے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"کنول؟
ارے یار بات تو سن لو میری ایک بار
یہ عادت مجھے تمہاری بہت زہر لگتی ہے کمرے میں بند ہو جانے والی"

ربان ایک گھنٹے میں بہت بار کنول کے کمرے کے باہر آ کر اس کی منتیں کر چکا تھا مگر یہ جان کر کہ ربان نے عنایہ کو ایک دن رہنے کی اجازت دے دی ہے
کنول نے خود کو کمرے میں لاک کر لیا تھا
مگر اس سے پہلے جان اور وانی کو بھی کچھ نا کچھ سمجھا دیا تھا تب ہی وہ دونوں پر سکون تھے اور اپنے کھیل میں گے تھے

"ہاں ہاں
اب تو میری ہر بات زہر لگے گی
جو اچھی لگتی ہے وہ تو آ گئی ہے نا

ہنہہ
آل میز آر ڈوگ"

کنول نے منہ ٹیڑھا کر کے اندر سے جواب دیا

"بری بات ہے میرے بچوں کی ممی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اپنے والد کے بارے میں ایسے نہیں۔کہتے"

ربان نے طریقے سے اسے شرمندہ کر دیا

"میں نے اپنے ابا کی بات کب کی؟"

کنول بولی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"کیوں ؟
تمہارے ابا مین نہیں ہیں ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ربان نے اور جلایا تھا اسے

"بڑے بدتمیز ہیں آپ"

"شوہر کس کا ہوں"

ربان نے فرضی کالر کھڑکھڑائے

"میرے شوہر ہیں
اور یہ بات ہمیشہ یاد رکھیئے گا"

کنول کا انداز وارننگ دینے والا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/

"میری یادداشت اچھی نہیں ہے
ہو سکتا ہے کبھی بھول جاؤں

Support@classicurdumaterial.com

تو

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہمیشہ یاد کرانے کے لیئے تم میرے آس پاس رہا کرو"

ربان اس بار بڑے الگ سے انداز میں بولا تھا
اپنے کمرے کے دروازے سے چپکی کنول ہنس پڑی مگر ربان کے پیچھے ہی کھڑی عنایہ
غصے سے لال پیلی ہوتی گیسٹ روم میں چلی گئی جہاں اس کا اسٹے تھا

ربان اپنے روم میں بیٹھا آفس کا کچھ کام کر رہا تھا
رات کے دو بج رہے تھے
مگر کام بہت ضروری تھا جس کی وجہ سے وہ ابھی تک جاگ رہا تھا

اپنے کمرے کے دروازے سے جھانک کر عنایہ نے اچھی طرح باہر کا جائزہ لیا اور پھر ربان کے کمرے کے سامنے جا کر رک گئی اور احتیاط سے ہلکی سی دستک بھی دے دی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اندر بیٹھا ربان حیران ہو گیا تھا اس دستک پر پھر اس کے دماغ میں آیا شائد کنول آئی ہو

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس کا سامان تو سب ربان کے کمرے میں پہنچ چکا تھ
مسکراتے ہوئے اٹھ کر وہ دروازے تک پہنچا
مگر دروازہ کھولنے کے ساتھ ہی عنایہ کو دیکھ کر چونک گیا

"تم یہاں؟"

"ربان مجھے تم سے بات کرنی ہے"

"سارا دن پڑا تھا
کر لیتیں"

ربان جھنجلا کر دروازہ واپس بند کرنے لگا جب عنایہ زبردستی اس کے کمرے میں گھس گئی اور چیخنا شروع کردیا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ملازمین گھر کے پیچھے ہیڈ کوارٹر میں تھے تو انہیں کچھ پتہ نہیں لگا بچوں کا روم بھی ساؤنڈ پروف تھا تو وہ بھی سکون سے سوتے رہے

https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

مگر کنول کے روم میں ایسا کچھ نہیں تھا تو وہ جلدی سے وہاں پہنچ گئی اور حیران ہو کر اس نے عنایہ کی نائٹی کے قابل اعتراض حلیہ کو اور حیران پریشان سے ربان کو دیکھا تھا سیکنڈ سے بھی پہلے کنول نے مدعا جان لیا تھا

"اوہ کنول"

عنایہ چیختی ہوئی گئی اور کنول سے چپک گئی

"اچھا ہوا تم آ گئیں
یہ انسان انسان کے نام پر دھبہ ہے
اس نے میرے ساتھ"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

عنایہ ڈرامائی انداز میں بات روک کر منہ پر ہاتھ جما کر رونے لگی

https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

کنول نے گھور کر ربان کو دیکھا تو ربان بھی رونے کو ہو گیا
اتنا گندہ الزام

"دور ہوں مجھ سے"

کنول نے گھن کھا کر عنایہ کو دور کیا جس پر عنایہ اور ربان دونوں چونک گئے

"اس شخص پر آپ لگا رہی ہیں جانتی ہیں یہ کتنا سیدھا ہے؟
شادی کے چھ ماہ تک تو اس نے مجھ میں بھی انٹریسٹ نہیں لیا حالانکہ میں ان کی سگی بیوی تھی"

"سگی بیوی" پر ربان کی ہنسی نکلتے نکلتے رہ گئی

"اور میں تو ہوں بھی آپ سے پیاری
جتنا میک اپ آپ نے کیا ہوا ہے اتنا میں کر لوں تو کترینہ کیف کو مات دے دوں ہنہہ
ایسے میں جو بندہ میری طرف اٹریکٹ نہیں ہوا وہ آپ کے ساتھ؟
ناممکن"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"تم خود عورت ہو اور مجھ پر یقین نہیں کر رہی ہو؟"

ٹکر ٹکر کنول کی شکل تکتے ہوئے عنایہ چلائی

"ارے رہنے دیجیئے

عورتیں بھی کچھ کم نہیں ہیں آج کی

اور دوسری بات میں عورت نہیں لڑکی ہوں

ہاں تو میں کہ رہی تھی کہ جو انسان اپنی حور پریوں جیسی دلہن کو اگنور کر سکتا ہے وہ آپ کے ساتھ کچھ ایسا ویسا کیوں کرے گا جبکہ اس کی بیوی بھی گھر میں ہی موجود ہے

اور ہاں آپ کی ایکٹنگ بھی بہت بکواس تھی

مجھے غصہ بہت آرہا ہے ورنہ میں ہنس پڑتی

آپ ماڈلنگ کرتی ہیں نا ؟

بس ماڈلنگ ہی کرتی رہیے گا

کبھی کوئی فلم یا ڈرامے کی آفر کرے تو اسے میری طرف سے دو جھانپڑ رسید کیجیئے گا

اور آخری بات

وہ واز دیکھ رہی ہیں آپ ؟"

کنول نے ربان کے کمرے میں رکھے واز کی طرف اشارہ کیا

پھر مزید بولی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"اس میں ہڈن کیمرہ لگا ہے

یہ جو ڈرامہ آپ نے کیا ہے اس میں قید ہو گیا ہے

آئندہ کچھ بھی کرنے سے پہلے یاد رکھیئے گا ایک ثبوت ہے ہمارے پاس آپ کے اوچھے پن کا

آپ کو آپا کہا تھا

اس لیئے اتنی رات کو دھکے مار کر نہیں نکال رہی گھر سے

مگر صبح میرے کہنے سے پہلے چلتی بنیے گا

ورنہ اگر یہ ویڈیو منظر عام پر آگئی تو ؟"

https://www.classicurdumaterial.com/

اور کنول کی آدھی ادھوری دھمکی پر عنایہ ڈر کر اپنی ایکٹنگ سدھارنے کا ارادہ کرتے ہوئے اپنے کمرے میں چلی گئی

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"آپ کو کیا ہوا ہے ؟"

اس نے دم سادھے کھڑے ربان کا بازو ہلایا تو وہ ہڑبڑا کر ہوش میں آیا پھر بولا

"میرے کمرے میں کونسا ہڈن کیمرہ ہے ؟"

"ششش پاگل میاں
زور زور سے بول کے سب کو بتا دیں
اگر میں یہ جھوٹ نا کہتی تو وہ آگے بھی ایسی اوچھی حرکت کر لیتی
یا اس بات کو میڈیا پر پھیلا کر مظلوم بن جاتی
میں تو جانتی ہوں آپ کتنے سیدھے ہیں
مگر کوئی اور یقین نا کرتا آپ پر وہ عورت ہیں ہمدردیاں سمیٹ لیتیں"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کنول اپنی ذہانت پر خود ہی خود کو داد دیے لگی جب ربان نے بے ساختہ ہی بڑے بزرگوں کی طرح کنول کی بلائیں لے ڈالیں پھر اسے اپنے کمرے کے اندر کھینچا اور دروازہ بند کرتے ہوئے بولا

https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

"بتاتا ہوں میری حور پریوں جیسی دلہن کہ یہ پاگل میاں کتنے سیدھے ہیں"

کنول ناشتے سے بھی پہلے عنایہ کو گھر سے نکالنا چاہتی تھی مگر اس وقت حیران رہ گئی جب سیکیورٹی گارڈ نے بتایا کہ

"میڈم صبح صبح نیم اندھیرے یں ہی چلی گئیں"

"شکر ہے

لگتا ہے عزت بڑی پیاری تھی آپا کو"

کنول جان اور وانی کو ناشتہ کروا رہی تھی تب ربان بھی تیار شیار فریش سا ڈائننگ روم میں چلا آیا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"گڈ مارننگ ڈارلنگ"

کرسی پر بیٹھتے ہوئے ربان نے آنکھ مار کر کنول سے کہا تو کنول کے ہاتھ سے گلاس چھوٹے چھوٹے رہ گیا

ربان مسکراہٹ دبا کر ناشتے کی طرف متوجہ ہو گیا جبکہ کنول نے اسے ایک نیا نام دے دیا

"پیا بے شرم"

سب کے چلے جانے کے بعد کنول اپنی زندگی میں اچانک آنے والی تبدیلی کو سوچ کر شرما بھی رہی تھی غصہ بھی کر رہی تھی جب کنول کا فون بجنے لگا

وقاص بھائی کالنگ دیکھ کر اسے وقاص کا مدعا بھی یاد آ گیا تو اس نے جلدی سے کال ریسیو کی

http://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"جی وقاص بھائی کیسے ہیں آپ؟"

"میں جیسا بھی ہوں مگر تم بہت بے وفا ہو کزن"

وقاص کے انداز میں ناراضگی تھی

پھر وہ اور بولا

"اور رخشندہ بھی مجھے اگنور کر رہی ہے
مجھے تو کچھ سمجھ نہیں آرہا"

وقاص کے طہریشان سے انداز پر کنول شرمندہ ہو گئی

"سوری بھائی
گھر میں کچھ مہمانآ گئے تھے
آپ ٹینشن نا لیں میں آج شام ہی خالہ اور خالو سے بات کرنے آؤنگی"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"آج شام ؟
پکا ہے نا؟"

"جی پکا ہے"

کنول ہنس کر بولی تو وقاص بھی پر سکون ہو گیا

"اوکے تھینکس
میں تو شائد گھر پر نا پہنچ سکوں مگر امی ابو کو انفارم کر دوں گا"

"جی اوکے اللہ حافظ"

"اللہ حافظ"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"مجھے نا سچ مچ بڑی خوشی ہو رہی ہے میری بچی گھر آئی ہے
بیٹا تم سموسے لو نا"

خالہ اور خالو کنول اور ربان کے آگے جھکے چلے جا رہے تھے

ربان اتنی بناوٹی محبتوں پر کوفت زدہ تھا اور اپنی کوفت چھپا بھی نہیں رہا تھا مگر کنول جبراً مسکراتی رہی

"ہاہاہاہا آپ نے پہلے ہاتھ بڑھا لیا ربان بیٹا ورنہ کنول کو تو میں اپنے وقاص کے لیئے لینے والی تھی"

خالہ کی بات پر کنول سر جھٹک کر رہ گئی وہ جانتی تھی ایسا نا ممکنات میں سے تھا
پوش علاقے میں گھر لینے کے بعد سے خالہ خالو غریب رشتے داروں کی طرف سے آنکھیں بلکل ہی پھیر لی تھیں
یہ وقاص ہی تھا جو ہر کسی سے بغیر فرق کے ملتا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مگر خالہ کی یہ بات سن کر ربان کی بھنویں تن گئیں
اور منہ مزید بگڑ گیا

"کیا بات ہے ربان بیٹا ؟
سموسے اچھے نہیں گے ؟"

"نہیں سموسے تو ٹھیک ہیں
کھلانے والے ٹھیک نہیں لگ رہے"

ربان نے خالو کو جواب دیا تھا اس پر سب ہی کی آنکھیں پھیل گئیں

"ہاہاہا"

https://www.classicurdumaterial.com/

کنول نے زور سے مسنوعی قہقہ لگایا

Support@classicurdumaterial.com

"یو آر سو فنی ربان
خالو ان کی مزاق کی بہت بری عادت ہے"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"کچھ زیادہ ہی بری عادت لیے"

خالو نا سمجھ نہیں تھے

ربان کی ناپسندیدگی نوٹ کر رہے تھے

انہیں بھی ربان پسند نہیں آیا تھا

"پیسے والوں پر نخرے اچھے بھی لگتے ہیں وقاص کے ابا"

خالہ نے شوہر کو ٹھوکا دے کر کہا

ربان کی بڑی سی گاڑی دیکھ چکی تھیں نا وہ

https://www.classicurdumaterial.com/

"دیٹس وے آپ لوگوں پر سوٹ نہیں کر رہے"

Support@classicurdumaterial.com

ربان کی اس بات پر کنول نے ٹھیک ٹھاک زور دار کہنی ربان کے پیٹ میں مار کر اسے

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

آنکھیں نکال کر باہر جانے کا اشارہ کیا

ربان منہ بنا کر اٹھ کھڑا ہوا

جاتے جاتے اس نے ایک بار پھر ناپسندیدہ نظر خالو پر ڈالی اور خالو نے اس پر

"تمہارے شوہر کے تو بڑے نخرے ہیں کنول

مانا کہ بڑا دولت مند ہے پر غریب ہم بھی نہیں ہیں"

خالہ نے اپنا نقلی بالوں والا جوڑا تھپتھپا کر کہا

"سو سوری خالہ

بس

خیر انہیں چھوڑیں میں آپ سے کچھ ضروری بات کرنے آئی ہوں"

https://www.classicurdumaterial.com/

Support@classicurdumaterial.com

"اس ہی غریب لڑکی سے رشتے کے بارے میں ؟

تو بی بی ہمارا جواب وہی ہے جو کل تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میرے بیٹے کے ساتھ کام کرتے کرتے اسے پھنسا لیا

ان غریب لڑکیوں کو میں خوب سمجھتی ہوں

معصوم صورتیں بنا کر مجبوریوں کی داستانیں سنا کر پھنسا لیتی ہیں امیر لڑکوں کو بد چلن کہیں کی"

خالہ کے انداز پر کنول کو بہت زیادہ افسوس ہو رہا تھا
کتنی غلط زبان استعمال کر رہی تھیں وہ

"خالہ
کیا میں بھی بد چلن ہوں ؟"

کنول کے نرمی سے پوچھنے پر خالہ اور خالو گڑبڑا گئے

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"کیا مطلب ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"مطلب یہ کہ میں بھی غریب تھی
ربان کے گھر کام کے سلسلے میں جاتی تھی
پھر میری ربان سے شادی ہو گئی
مطلب آپ کا خیال ہوگا میں نے بھی ربان پر ڈورے ڈالے ہوں گے
انہیں مجبوریوں کی داستانیں سنائی ہوں گی معصوم صورت بنا کر ؟
بتائیں ایک بار کیا میں بھی بدچلن ہوں ؟"

خالہ خالو چپ رہے
سچ یہی تھا کہ ان کا کنول کے بارے میں بھی یہی خیال تھا

"ہاں تو کچھ نا کچھ تو تم نے بھی کیا ہوگا
ایسے ہی کیوں کوئی رئیس زادہ تم سے شادی کرے گا؟
بھلے دوسری ہی سہی
ہے کیا ورنہ تمہارے پاس صورت تک تو خوبصورت ہے نہیں"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کچھ دیر بعد خالہ نے زبان کے ایسے نشتر چلائے کہ ہ کنول حق دق رہ گئی اور پھر خاموشی سے اٹھ کر باہر نکل گئی

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس سے خدا حافظ تک نہیں کہا گیا تھا

باہر منتظر کھڑا ربان کنول کے اتنی جلدی باہر آنے پر حیرا ہو گیا
کنول کوئی بھی بات کیئے بنا باہر گاڑی میں بیٹھ گئی

"کیا ڈن ہو گیا سب ؟"

ربان نے اپنی سیٹ پر بیٹھ کر پوچھا

کنول نے اس بار بھی کچھ بولا نہیں اور نفی میں گردن ہلا دی

"تم رو رہی ہو ؟

وائے ؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"کچھ بھی نہیں ہوا آپ گھر چلیں"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کنول نے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا

"جب تک وجہ نہیں بتاؤ گی میں گاڑی نہیں چلاؤ گا"

اس بار ربان غصے میں بولا

"کوئی بات نہیں
میں خود چلی جاؤنگی ٹیکسی سے"

"تم مجھے گاڑی سے اتر کر دکھاؤ"

ربان کے چیلنج پر کنول جھنجلا گئی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"آپ اتنے بدتمیز کیوں ہیں ؟
خالہ خالو سے اتنی بدتمیزی کیوں کی ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کنول ربان پر ہی چڑھ دوڑی

ربان اس کے بات بدلنے پر تلملایا

"مجھے بناوٹی محبتوں سے نفرت ہے"

"اور آپ اتنے پر یقین کیوں ہو جاتے ہیں ؟
اتنی جلدی کیوں جج کرتے ہیں لوگوں کو ؟
آپ کی نظر میں تو میں بھی بناوٹی محبت کر رہی تھی جان اور وانی سے
آپ کو اب بھی مجھ پر بیلیو نہیں ہوگا
مجبوری میں نبھا رہے ہیں نا ساتھ ؟"

کنول سوں سوں کر کے روتی ہوئی اچھی خاصی جزباتی ہو گئی اور خالہ خالو کا غصہ ربان پر نکال کر اسے ساری باتیں بھی بتا دیں

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"انہوں نے یہ بکواس کی تم سے ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ربان غصے میں بڑبڑایا اور پھر گاڑی سے نکلنے لگا تب کنول نے ربان کا بازو پکڑ کر روک لیا
اسے اندازہ ہو گیا کہ اس نے سب سچ بتا کر غلط کر دیا ہے

"غلطی آپ ہی کی ہے

آپ اتنی بدتمیزی نا کرتے تو وہ بھی یہ سب نا کہتیں"

"اوہ میڈم

انہوں نے جو کہا اس کا مطلب ان کا ہمیشہ سے یہی خیال رہا ہوگا کہ تم نے مجھے اٹریکٹ کرنے کی چیپ کوشش کی

انہوں نے ان ڈائرکٹ تمہارے کیریکٹر پر وار کیا ہے

اب دیکھو میں ان کا کیسا دماغ ٹھکانے لگاتا ہوں

تم بس دیکھنا"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"زبان رک جائیں دہان سنیں تو زرا

آہ"

کنول ربان کو روکنے کی کوشش میں ہلکان ہو رہی تھی مگر جب انداہ ہو گیا کہ ربان عباداب خالہ خالو کا دماغ ٹھکانے لگانے کے فیصلے سے پیچھے نہیں ہٹے گا تو اس نے پیر میں چوٹ لگنے کی ایکٹنگ شروع کر دی

ربان سچ مچ پریشان ہو کر کنول کے پیروں کے پاس جھک گیا

"کیا ہوا؟"

"پیر میں موچ آ گئی ہے شائد"

https://www.classicurdumaterial.com/

"اوہ دکھاؤ مجھے"

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"نہیں بس ٹھیک ہوں میں گھر چلیں آپ ہلکا سا مساج کرنے سے ٹھیک ہو جائے گا"

کنول کو ربان کا اپنے لیئے پریشان ہونا اچھا لگ رہا تھا

تو مسکرا کر بولی مگر اگلے پل اس کا رنگ اڑ گیا جب ربان نے اسے گود میں اٹھا لیا

بیچ راستے میں یوں گود میں اٹھائے جانے پر کنول کی شرم۔ سے حالت خراب ہونے لگی

"کیا بیہودگی ہے یہ ربان
نیچے اتاریں مجھے"

"گاڑی تک لے کر جا رہا ہوں چپ رہو ورنہ مجھے چپ کرنا آتا ہے"

"ربان پلیز
ارے یہ تو وقاص بھائی کی گاڑی ہے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

کنول نے چیخ کر کہا اور ساتھ ہی مچل اٹھی ربان کی گود سے اترنے کے لیئے
وہ وقاص کے گاڑی سے اترنے سے پہلے نیچے اترنا چاہتی تھی
مگر ربان شائد یہی چاہتا تھا کہ وقاص یہ منظر دیکھ لے تب ہی سینہ چوڑا کر کے کھڑا ہو گیا

وقاص گاڑی سے نکلا تو ان کنول کو بچوں کی طرح ربان کی گود میں دیکھ کر اپنی مسکراہٹ روک نہیں سکا
کنول نے اپنا چہرہ ہاتھوں سے چھپایا ہوا تھا مگر اسے پتا تھا وقاص مسکرا رہا ہوگا

"ہیلو

آپ لوگ اتنی جلدی جا رہے ہیں ؟

میں تو آپ لوگوں سے ملنے کے خیال سے جلدی آیا تھا"

وقاص عادتاً خوش اخلاقی سے بولا

"اپنے اندر کی تھوڑی سی خوش اخلاقی اپنے ماں باپ کو بھی دے دو

جو اپنے ہی مہمانوں کے کردار پر تہمت لگاتے ہیں اور شرمندہ بھی نہیں ہوتے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

زبان ناگواری سے بولا اور پھر سارا ماجرا وقاص کے گوش گزور کر دیا

https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

پھر کنول کو اپنی گاڑی میں بٹھا کر مزید بولا

"کنول تمہارے لیئے جتنا کر سکتی تھی اس نے کر دیا ہے ے

اس سے زیادہ میں اسے کرنے بھی نہیں دوں گا

اب اپنی نیاں تم خود پار لگاؤ

کنول اس معاملے میں اور گھسے گی تو اس پر مزید تہمتیں لگیں گی
اور میں اپنی وائف کے بارے میں مزید ایک لفظ بھی برداشت نہیں کروں گا"

شرمندہ سا وقاص کچھ کہہ بھی نہیں پایا جواب میں
ربان تیز گھوری وقاص پر ڈال کر گاڑی میں بیٹھ گیا

کنول ٹکر ٹکر ربان کی شکل دیکھ رہی تھی
ربان نے جو کچھ کہا تھا وہ کنول کا دل خوش کر گیا تھا
ربان اس کے کردار کو لے کر کتنا حساس ہو رہا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"کیا گھورے جا رہی ہو؟"

گاڑی چلاتے ہوئے ربان نے کنول کے مسلسل دیکھنے پر گھور کر پوچھا

"آپ کو واقعی اتنا غصہ آیا تھا خالہ خالو کے میرے کردار پر الزام لگانے پر ؟"

جواب میں ربان چپ رہا پھر ایک طرف روک کر پوری طرح کنول کی طرف متوجہ ہوا

"نہیں تو تم کیا میرے غصے کو ڈرامہ سمجھ رہی تھیں ؟"

"نہیں

میں

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ

ایکچلی

Support@classicurdumaterial.com

مجھے لگا ہمارا تعلق سمجھوتے کا ہے

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس لیئے آپ کا غصہ مجھے حیران کر گیا"

کنول اٹک اٹک کر بولی

"کنول

جب میں نے تم سے شادی کی تو واقعی میرا دل تمہاری طرف سے صاف نہیں تھا

مگر ہر گزرت پل نے مجھ پر واضح کر دیا کے تم بے لوث ہو اپنے جزبوں میں

تمہارا اگنور کرنا مجھے برا لگ رہا تھا تو میں نے سوچا زندگی یوں تو نہیں گزرتی

آج نہیں تو کل مجھے تمہاری طرف بڑھنا ہی ہے تو آج کیوں نہیں

میں نے تم سے کہا تھا مجھے تم سے عشق ہو گیا ہے

مگر وہ بس ایک ڈائیلاگ تھا

وہ بس پسندیدگی تھی

پھر رفتہ رفتہ پسند پیار میں ڈھلنے لگی

https://www.classicurdumaterial.com/

مگر اس رات جب تم نے عنایہ کے گھٹیا الزام پر اسے منہ توڑ جواب دیا اور مجھ پر اندھے

Support@classicurdumaterial.com

اعتماد کا اظہار کیا تو میرے دل میں تمہارے لیئے عزت اس قدر بڑھ گئی کہ میں لفظوں

میں نہیں بتا سکتا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

چند لمحوں میں پیار محبت بن گیا میرا

وہ وقت بھی دور نہیں جب محبت پر عشق کا رنگ چڑھ جائے گا

آئی رئیلی لو یو مائی وائف

یو آر مائی لائف"

ربان نے کنول کا ہاتھ تھام کر کنول کے ہاتھ کی پشت چوم لی
مگر کنول اتنی ایموشنل ہو رہی تھی شرما بھی نہیں سکی

"میں شائد وہ پہلی بیوی ہوں جس کا شوہر اس سے محبت کا اظہار کر رہا ہے اور عشق کی پیشن گوئی بھی"

ربان کنول کی بات پر ہنس پڑا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/

"اب گھر چلیں بچے انتظار کر رہے ہوں گے

Support@classicurdumaterial.com

میڈز لاکھ قابل اعتبار سہی مگر بچوں کو ان کے حوالے کر کے بھولنا نہیں چاہیے

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ایک تو آپ امیرو کے چونچلے
جانور خود پال لیتے ہیں
بچے میڈز کے حوالے"

کنول کی بات پر ربان نے اسے گھورا پھر کہا

"پہلے مجھے آئی لو یو کا جواب تو دو"

"آفکورس آئی لو یو ٹو
یہ بھی کوئی پوچھنے والی بات ہے؟"

کنول کے شرما کر کہنے پر ربان ہنس پڑا

"نہیں
مگر سن کر اچھا لگتا ہے
جن سے محبت ہو ان سے اظہار کرتے رہنا چاہیے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ربان نے بڑے پتے کی بات بتائی اور پھر گاڑی اسٹارٹ کر دی

گاڑی گھر کے باہر رکی تو بچے ممی ڈیڈی چلاتے ہوئے باہر آ گئے

کنول بھی اپنی ترنگ میں گاڑی سے نکل کر آگے بڑھنے لگی تب ربان حیران سا بولا

"تمہارے پیر کی موچ؟"

"کون سی موچ ؟

اوہ وہ ؟"

"ہاں وہ"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

کنول کا رنگ اڑ گیا اور اگلے ہی پل وہ سرپٹ بھاگی کیونکہ ربان اس کے پیچھے تھا اور اور نچے ان دونوں کے پیچھے شور مچاتے ہوئے

سیکیورٹی گارڈ نے حیرت سے اس پاگل سی فیملی کو دیکھا تھا

ربان ٹھوڈی کے نیچے ہاتھ رکھ کر کنول کو دیکھ رہا تھا تو کبھی گھڑی کو دیکھ رہا تھا
دو گھنٹے سے اوپر ہو گئے تھے مگر کنول کی تیاری پوری ہونے میں نہیں آرہی تھی
اور اب ربان کا پارہ ہائی ہو رہا تھا

"بیوٹی پارلر چلی جاتیں یار
اتنی دیر میں تو بریانی بھی تیار ہو جاتی ہے
اور ایک تم ہو
مانا کے تھوڑی زیادہ اگلی ہو مگر اب ایسا بھی کیا"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

کنول لپسٹک کے شیڈز چیک کرتے ہوئے جل کر بولی

"میں اگلی ہوں ؟
بہت شکریہ آپ کا"

"مائی پلیژر"

ربان دل پر ہاتھ رکھ کر ہنس کر بولا پھر ڈریسنگ ٹیبل کے پاس ہی ایک گھٹنہ ٹیک کر بیٹھ گیا اور کنول کے ہاتھ سے لپسٹک لے کر بولا

"آؤ میں مدد کروائوں"

"آپ کیا مدد کروائیں گے؟"

https://www.classicurdumaterial.com/

کنول نے حیرت سے پوچھا اور پھر اس وقت شاکڈ ہو گئی جب ربان لپسٹک کنول کے ہونٹوں پر تھپکنے لگا

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کنول مسکراہٹ دبا کر ربان کو دیکھتی رہی جو لپسٹک لگا کر اسے ناقدانہ نظروں سے دیکھ رہا تھا

"آپ کو پتا ہے ربان

ہماری خاندانی زبان میں آپ جیسوں کو جورو کا غلام کہتے ہیں۔"

ربان نے پہلے کنول کو گھورا پھر اطمینان سے بولا

"اور میری زبان میں مجھ جیسوں کو آئیڈیل ہزبینڈ کہتے ہیں"

"آئیڈیل ہزبینڈ جورو کے غلام کا ہی مہذب نام ہے"

"جو بھی ہے
تم خوش ہو نا؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ربان اکثر ہی کنول سے یہ سوال پوچھتا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"ہر اگلا دن گزشتہ دن سے زیادہ خوشیاں لاتا ہے میری زندگی میں"

ربان کو ہمیشہ کنول کا یہ جواب سننا اچھا لگتا تھا
تب ہی تو وہ پوچھتا تھا

"اچھا آپ گاڑی نکالیں میں بس آتی ہوں"

"ہو گئی نا سب تیاری؟"

ربان بیزا ہونے لگا اس کی تیاری سے

"ہاں جی سب ہو گیا ہے آپ چلیں نا میں آرہی ہوں"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کنول نے بولتے ہوئے ربان کو کمرے سے باہر دھکیلا تھا پھر سینڈلز پہن کر شیشے کے سامنے خود کا سر سے پیر تک جائزہ لے کر باہر آ گئی

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

گاڑی میں بیٹھ کر کنول پیچھے کی سیٹ کی طرف متوجہ ہوئی جہاں جان اور وانی بیٹھے تھے

"ارے جان سو گیا؟"

"تم نے جتنی دیر لگائی ہے شکر کرو بس سویا ہے روپا نہیں ہے"

ربان کے ناراضی سے کہنے پر کنول ہنس پڑی

"کیا کروں؟
میرے لیئے ڈبل خوشی کا موقع ہے
میرے بھائیوں جیسے کزن اور بہنوں جیسے اکلوتی سہیلی کی شادی ہے
میں تو ابھی بھی مطمئین نہیں ہوں اپنی تیاری کی وجہ سے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"بس بہت ہو گیا
لفظ "تیاری" اور مت بولنا"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ربان کے جھڑکنے پر وہ "ہنہہ" کر کے کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی

"مجھے سمجھ نہیں آتی اچانک تمہارے خالہ خالو مان کیسے گئے اس شادی کے لیئے؟"

"وقاص بھائی بیچارے تو بس اپنا خاموش احتجاج کر رہے تھے

کسی سے بات چیت نا کرنا

گھر کم جانا

خالا خالو پر کیا اثر ہونا تھا اس رویئے کا

وہ تو وقاص بھائی کی چھوٹی بہن وردہ کے سسرالی جو تھے نا

بہت زیادہ اونچے گھرانے کے تھے

وہ وردہ کو بہت باتیں سناتے تھے

کیونکہ جب وردہ کی شادی ہوئی تھی تب خالہ خالو کے حالات اتنے اچھے نہیں تھے اس لیئے

وہ وردہ کو زیادہ کچھ دے بھی نہیں پاۓ تھے

https://www.classicurdumaterial.com/

وردہ بھی سارے حالات خالہ خالو سے چھپاتی رہی تھی وہ تو خالہ ایک بار اچانک وردہ کے

Support@classicurdumaterial.com

سسرال گئیں تو خود اپنی آنکھوں سے سب دیکھ لیا اور وہیں ان کی برین واشنگ بھی ہو گئی

https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

اللہ وردہ کے حالات پر رحم کرے

شکر ہے اس کے شوہر بہت سپورٹو ہیں

شوہر ساتھ دے تو سب برداشت ہو جاتا ہے

بس اچھی بات یہ ہے کہ خالہ ٹھیک ہو گئی ہیں

اور خالو تو ان ہی کے دماغ سے چلتے ہیں"

نان اسٹاپ بولنے کے بعد جب کنول نے ربان کو دیکھا تو تلملا گئی کیونکہ ربان نے کان مینٹشو ٹھونسے ہوئے تھے

کنول کو چپ ہوتے ہوئے دیکھ کر ربان نے ٹشو کانوں سے نکال لیئے

"تم کتنا بولتی ہو"

"یہ میرے بولنے کا ہی کمال تھا جو عنایہ آپا صبح صبح گھر سے نکل پڑی تھیں کچھ اندازہ ہے ورنہ کے کیا ہوتا؟"

https://www.classicurdumaterial.com/

"یہ تو ہے

Support@classicurdumaterial.com

ہڈن کیمرے سے زیادہ اسے تمہارے بک بک نے ڈرایا ہوگا"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ربان کہ کر ہنسنے لگا اور کنول اسے گھورنے لگی

"کنول سنو"

"سنائیں"

"مجھ پر ہمیشہ ایسے ہی اعتبار کرتی رہنا"

ریان نے کہا تھا

"آپ بھی ہمیشہ میرے محافظ بنے رہیے گا"

"کہنے کی بات ہے؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ریان نے کہا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"میں بھی یہی کہوں گی
کہنے کی بات ہے؟"

کنول کے جواب پر ریان آسودہ سا مسکرا دیا

"کنول"

"جی آنٹی؟"

رخشندہ کی ماں کی پکار پر کنول ان کے پاس چلی آئی

"ہم نے وقاص کے لیئے جو بھجوائے تھے وہ کیوں نہیں پہنے وقاص نے؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کنول کے پاس اس سوال کا کیا جواب ہونا تھا؟

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تو وہ جواب مانگنے اپنی خالہ کے پاس پہنچ گئی

"وہ گھٹیہ کپڑا میں اپنے بیٹے کو پہناتی وہ بھی ایسے خاص موقع پر؟

نا بابا نا مجھے بھری برادری میں شرمندہ نہیں ہونا

ویسا کپڑے تو ہم جھاڑ پونچ میں استعمال کرتے ہیں"

"فطرت کبھی نہیں بدلتی"

کنول افسوس سے اپنی خالہ کو دیکھتے ہوئے اسٹیج پر پہنچ گئی

"رخشندہ
مجھے لگتا ہے حالات ابھی اتنے سازگار نہیں ہیں
تمہیں بہت صبر اور برداشت کا مظاہرہ کرنا ہے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کنول رخشندہ کے قریب ہو کر بولی تو وقاص نے بھی سن لیا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"تم فکر مت کرو
جب تک وقاص میرے ساتھ ہیں میں سب برداشت کر لوں گی"

رخشندہ کے جواب پر وقاص مسکرا کر بولا

"اور میں تمہیں کچھ برداشت کرنے نہیں دوں گا"

رخشندہ جھینپ گئی اور کنول ہنستے ہوئے ان کی بلائیں لیتی نیچے ربان اور بچوں کے پاس پہنچ گئی

"ماشااللہ ان کی جوڑی کتنی پیاری لگ رہی ہے نا"

کنول نے ربان سے کہا

https://www.classicurdumaterial.com/

"ہماری جوڑی سے کم"

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ربان نے جو جواب دیا تھا کنول کو اس ہی جواب کی امید تھی

"یہ تو ہے"

ربان نے ایک گہری نظر کنول پر ڈالی پھر ہلکی آواز میں بولا

"کنول"

"جی؟"

"آئی لو یو"

کنول نے سر پر ہاتھ مار لیا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"دن میں کتنی بار اظہار محبت پر یقین رکھتے ہیں آپ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"یہ تو ڈیپینڈ کرتا ہے اس شخص پر جس سے آپ اظہار کر رہے ہیں"

"تو آپ مجھ سے اتنی بار اظہار کیوں کرتے ہیں؟"

"کیونکہ ہم آپ سے بہت پیار کرتے ہیں"

ربان کے جواب پر کنول کھلکھلا کر ہنس پڑی اور ساتھ میں ربان بھی ہنسنے لگا

دور چمکتا چاند اس منظر کو دیکھ کر کوفت زدہ ہو گیا اور اپنے آس پاس ٹہلتے بادل سے بولا

"یار میرے سامنے آجاؤ
مجھ سے دنیا والوں کی یہ شوخیاں نہیں دیکھی جاتیں"

https://www.classicurdumaterial.com/

اور سیاہ بادل نے "سیم یار" کہہ کر چاند کو اپنی اوٹ میں لے لیا

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ناول تمام ہوا